| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ج' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ج' کی پہچان کر سکیں۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے دو الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اُردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف 'ا تا ث' کا تلفظ صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھیں جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف 'ج' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ج' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ج' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ج' ہے۔ 'ج' حروف تہجی کا آٹھواں حرف ہے اور اس کے پیٹ میں ایک نقطہ ہوتا ہے۔ بچوں کو جائے نماز کی بڑی تصویر دکھائی جائے گی اور پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے؟ کیا آپ نے اپنے ابو یا امی کو اس پر نماز پڑھتے دیکھا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ اس کا نام جائے نماز ہے اور اس پر نماز پڑھی جاتی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ج' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ج' کے ذخیرہ الفاظ (جہاز، جامن، جگ، جالا، جامنی، جائے نماز، جلیبی) فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو حرف ج سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | (جائے نماز) | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو جامن کی ورک شیٹ دی جائے گی جامن کی ورک شیٹ دی جائے گی جس میں بچوں سے جامنی رنگ بھرنے کو کہا جائے گا بچوں سے جامنی اور جامن کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ جامنی رنگ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو 'ج' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ج' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ج' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے چار الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں ''کو حرف تہجی اردو کے''نظم سنائی جائے گی بچوں کو 'ج' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ج' کی نظم سنائی جائے گی<br>مچھلی جل کی رانی ہے     جیون اس کا پانی ہے۔<br>ہاتھ لگاؤں گے تو ڈر جائے گی     پانی سے نکالوں گے تو مر جائے گی<br>حرف 'ج' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے Salt tray پر حرف 'ج' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی بچوں کو کتاب صفحہ 20 کھولنے کو کہا جائے گا حرف 'ج' پر انگلی پھیریے اور 'ج' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتائیے۔ ج کی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ ج سے جوتا: بچوں کو ایک دن پہلے تسمے والے جوتے پہن کر آنے کو کہا جائے گا بچوں سے تسمے کھولنے اور بند کروانے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ جوتا کی ابتدائی آواز 'ج' کی ہے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے جامن، جوتا، جلیبی، جہاز کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>دیئے گئے جگ میں سے 'ج' تلاش کر کے رنگ بھریے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ (حرف اور اشیاء)<br>Salt Tray<br>کتاب صفحہ 20<br>ورک شیٹ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ج' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ج' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ج' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ج' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے چار الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ج' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ج' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ج' کی کہانی سنیں گے۔<br>جنید اور جیا جنگل کی سیر کو گئے۔ انھوں نے وہاں بہت سے جانور دیکھے۔ جنید نے دیکھا کہ جنگل میں ایک جادوگر بھی ہے جنید نے درخت پر جامن دیکھے تو اس کے منہ میں پانی آ گیا دونوں نے درخت پر چڑھ کر جامن کھائے۔ جب وہ درخت سے نیچے اترے تو دیکھا کہ دونوں کے جوتے گندے ہوگئے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>رنگین کاغذ پر حرف ج کے کٹ آؤٹ چسپاں کرکے بچوں کو دیئے جائیں گے جس میں وہ اپنی انگلی کی مدد سے جامنی رنگ کریں گے ہر بچے کو انفرادی طور پر توجہ دی جائے گی تاکہ بچے ج کی درست بناوٹ بناتے ہوئے انگلی پرفٹ کریں۔<br>'ج سے جگ': جگ سے گلاس میں پانی انڈیلنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے جگ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>'ج' سے پہلے کون سا حرف آتا ہے۔ 'ج' کے پیٹ میں کتنے نقطے ہوتے ہیں۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف اور اشیاء کے فلیش کارڈ جنگل، جانور، جادوگر، جوتے، جامن (تصاویر)<br>رنگین کاغذ ج کے کٹ آؤٹ گلو جامنی رنگ<br>جگ پانی گلاس اور ٹرے | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ج' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ج' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ج' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ج' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ج' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ج' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'ج' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ حرف اور اشیاء | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ج' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ج' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ج سے مزید الفاظ سیکھیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے جالا، جائے نماز اور جامنی رنگ کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دے کر حرف 'ج' بنانے میں مدد کی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 21 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے دی گئی تصاویر کے نام اور ان کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ٹرک کی ابتدائی آواز بھی 'ج' ہے؟ بچوں کو حرف 'ج' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ج' پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | پلے ڈو کتاب صفحہ نمبر 21 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے جائے نماز، جنگل اور جادوگر کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ج' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ج' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اُس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ج' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ج' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ج' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف 'ج' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand letters | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ج' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے جہاز کی تصویر دکھا کر اس کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ج' پر پنسل پھیریے۔ | 2 منٹ | | |